Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Test

Q1. کرادر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کردار سے مراد حرکات و سکنات اور اعمال و افعال ہیں جس کا معروضی مشاہدہ کیا جا سکتا ہے.

Q2. معالجاتی نفسیات کے مقاصد بیان کریں.

Ans 1: معالجاتی نفسیات اطلاقی نفسیات کی شاخوں میں سے ایک جو افراد کے ہیجانی اور مطابقتی مسائل کا مطالعہ کرتی ہے.معالجاتی ماہرین نفسیات ،نفسیاتی آزمائشوں ،نفسی طریق علاج شخصیت ،غیر طبعی نفسیات اور تحقیقی طریقوں کی تربیت حاصل کرتے ہیں.

Q3. عمومی نفسیات کی قدیم ترین شاخ کونسی ہے؟

Ans 1: عمومی نفسیات کی قدیم ترین شاخ تجرباتی نفسیات ہے.

Q4. جرائم کی نفسیات کی نوعیت .

Ans 1: جرائم کی نفسیات کا تعلق مجرموں ، ان کی بحالی کے اداروں ،جیلوں کے ماحول اور دیگر متعلقہ عوامل سے ہے.یہ جرائم کے اسباب کی تحقیق کرتی ہے اور جرائم پیدا کرنے والے اسباب کا خاتمہ کر کے مجرموں کو اچھا شہری بنانے میں مدد دیتی ہے.

Q5. ماحولی نفسیات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ماحولی نفسیات ایک فرد کی جسمانی حالتوں پر یائی جین اور ماحول کے تعاملی اثرات کا مطالعہ کرتی ہے،.مخصوص ماحول کے تحت افراد کے ذہنی اعمال اور کردار کا مطالعہ کرنے میں مددگاز بنتی ہے.

Q6. نفسیات کی قدیم ترین شاخ کونسی ہے؟

Ans 1: نفسیات کی قدیم ترین شاخ تجرباتی نفسیات ہے.

Q7. جوش آرجیرو نے ماحولی نفسیات کے بارے میں کیا کہا ہے؟

Ans 1: جوش آرجیرو کے مطابق ہماری شخصیات ہماری اثری صفات اور ماحولی صفات کے باہمی تفاعل کا نتیجہ ہوتی ہے.

Q8. نفسیات کی تعریف بطور علم کردار لکھیے.

Ans 1: جیرو کے مطابق نفسیات،کردار اور ذہنی اعمال کا علم ہے.

Q9. صنعتی نفسیات کا نفس مضمون بیان کریں.

Ans 1: صنعتی نفسیات کارکنوں کے مسائل کا مطالعہ کرتی ہے اور ان کے لیے تربیتی پروگرام مرتب کرتی ہے.اس کا دوسرا شعبہ صارفین اور مارکیٹنگ کے عوامل سے متعلق ہے.

Q10. نفسیات بطور علم ذہن کی تعریف کریں.

Ans 1: نفسیات بطوع علم ذہن کی تعریف اس طرح کی جاتی ہے کہ ذہنی اعمال دراصل وہ کیفیات ہیں جو کہ ہماتے ذہن میں جاری ساری رہتی ہے.ہمارے ذہن می جو کیفیات جاری و ساری ہیں ان کا مطالعہ نہ صرف ناممکن ہوتاہے بلکہ نفس ترینمرحلہ ہوتا ہے،کیونکہ فرد صرف اپنے ذہن اعمال اور کفیات کا مطالعہ کر سکتا ہے. اس کے لیے ذہنی اعمال کیفیات کا مطالعہ کرنا ناممکن ہوتا ہے.
